## سوال

(435)شادی کرنے کا شرعی طریقہ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آپ شادی کرنے کا شرعی طریقہ لکھ کر دیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ نے سوال فرمایا : ’’آپ شادی کرنے کا شرعی طریقہ لکھ کر دیں ؟‘‘ تو محترم !کتاب وسنت میں شادی کے سلسلہ میں جو چیزیں آئیں وہ اختصاراً مندرجہ ذیل ہیں بتوفیق اللہ تبارک وتعالیٰ وعونہ نکاح دلہا کی رضا واجازت دلہن کی رضا واجازت لڑکی کے ولی کی رضا واجازت مہر عادل گواہ ولیمہ لڑکے اور لڑکی دونوں کا محصن وعفیف ہونا لڑکے کا مسلم ہونا لڑکی کا مسلم یا کتابیہ ہونا لڑکی کو زیور پہنانا ۔ باقی شادی بیاہ کے موقع پر برات ، جہیز اور دیگر رائج رسومات کتاب وسنت میں مجھے کہیں نہیں ملیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام ومسائل

## نکاح کے مسائل ج1ص 312

### محدث فتویٰ